نمبر اردو ۶۵۳

لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ رجمادی الثانی ۱۳۴۵ھ مطابق ۳ جنوری ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ صاحب میونسپل سکریٹری وصاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری ...	۳
۲	تقرر ڈاکٹر مشتاق حسین	〃
۳	رخصت محمد شیر زمان خاں صاحب ...	〃
۴	توسیع ملازمت [illegible] مدرس	〃
۵	برطرفی حشمت علیخان مختار عام	〃
۶	توسیع ملازمت سخاوت علی مدرس ...	〃
۷	ہدایت عمل طلباء منسوخی تعطیلات مدارس شہر و امتحان	〃
۸	[illegible] ڈاکٹر محمد حسین	۳
۹	منسوخی تعطیلات [illegible] اسکول و امتحان	〃
۱۰	اختیارات [illegible] صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری	〃
۱۱	رخصت حاجی [illegible]	〃
۱۲	نقشہ نرخ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ دسمبر ۱۹۲۶ء

منظور صاحب حکم ہوا کہ

صاحبزادہ سید قدرت علیخان بہادر میونسپل سکریٹری کو بعہدہ سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ اور صاحبزادہ سید اخلاق حسین خان بہادر سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو بعہدہ میونسپل سکریٹری اپنی اپنی تنخواہوں پر تبدیل کیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۲۰ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ تقرر ڈاکٹر مشتاق حسین سب اسسٹنٹ سرجن بشاہرہ پچاس روپیہ بجائے ڈاکٹر عازم مرزا سب اسسٹنٹ سرجن جنکے خدمات صیغہ میونسپلٹی کو منتقل ہوگئے۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ ڈاکٹر مشتاق حسین سب اسسٹنٹ سرجن کا تقرر بشاہرہ پچاس روپیہ بجائے ڈاکٹر عازم مرزا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ بانتظام موجودہ منشی محمد شیر زمان خانصاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بوجہ علالت از یکم جنوری ۱۹۲۷ء

حکم

مزید رخصت یکماہ بانتظام موجودہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سیتے رام سروپ مدرس گوڈیی پرگنہ بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۸ر جنوری ۱۹۲۷ء سے دو ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی مختار عام

۲۱ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر دربارہ تصدیق درخواست مسماۃ چمن بنت مدد حجام نسبت موقوفی سے حشمت علیخان ولد عوض مختار عام بغرض اشاعت گزٹ۔

حکم

حسب صداقت رجسٹرار صاحب صدر موقوفی مختار عام سے حشمت علیخان ولد عوض خان کی اشاعت درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سے سخاوت علی مدرس پٹ نگر تحصیل سوار کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۲۰ر دسمبر ۱۹۲۶ء سے تین ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا۔ حکم ہوا کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

بابت ہدایت تکمیل تعلیم طلبا تا امتحان سالانہ و منسوخی تعطیلات مدارس شہر بجز تعطیل چند تا امتحان سالانہ۔

رپورٹ معائنہ انسپکٹر صاحب مدارس ملاحظہ ہوئی۔ اکثر مدارس کے اعلےٰ درجات کی حالت قابل اطمینان نہیں ہے گو اس سے خیال ہوتا ہے کہ ان درجات کے طلاب کی ابتدائی تعلیم ناقص تھی اُسکا یہ نتیجہ ہے۔ اور جدید انتظام تعلیم کا نتیجہ ابتدائی درجات میں مرتب ہو رہا ہے۔ تاہم مدرسین کو اس نقص سے بری نہیں کیا جاسکتا مگر لازم ہے کہ ان درجات کی حالت بھی درست کریں۔ بعض مدارس میں مقدار خواندگی بھی کم ہے۔ امتحان سالانہ زمانہ قریب ہے۔ مدرسین کو آخری ہدایت کیجاتی ہے کہ امتحان سالانہ تک لڑکوں کی تعلیم مکمل کرائیں اور محنت کر کے جو جو خامی ہے اسکو رفع کریں ورنہ بحالت خرابی نتیجہ امتحان سالانہ سخت تدارک کیا جائیگا۔ اور تا امتحان سالانہ بجز تعطیل جمعہ کے باقی تعطیلات ان مدارس کی منسوخ کیجاتی ہیں۔ انسپکٹر صاحب مدارس و ڈپٹی انسپکٹر صاحب وقتاً فوقتاً ان مدارس کو دیکھتے رہیں۔ اور انکی خرابیوں کے دور کرانے کی کوشش کریں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۳ ر دسمبر ۱۹۲۶ء

دربارہ عطائے تنخواہ ڈاکٹر عاشق علی سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ شاہ آباد کو تا ۱۶ ر دسمبر ۱۹۲۶ء بوجہ کارکردگی۔
و تبادلہ ڈاکٹر محمد حسین متعینہ شفاخانہ جیل در شفاخانہ شاہ آباد بجائے نامبردہ و تبدیلی علی احمد کمپونڈر از شفاخانہ [illegible] بشفاخانہ جیل بجائے ڈاکٹر محمد حسین بعطائے دس روپیہ ماہوار جیل الاؤنس جو انچارج ڈاکٹر کا مقرر ہے۔

حکم

حسب یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب ڈاکٹر محمد حسین متعینہ جیل کا تبادلہ شفاخانہ شاہ آباد مین اور علی احمد کا تبادلہ شفاخانہ جیل مین منظور ہے۔
علی احمد کو حسب قاعدہ دس روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا۔ اور ڈاکٹر عاشق علی نے چونکہ ۱۶ ر دسمبر ۱۹۲۶ء تک کام کیا ہے لہذا انکو ۱۶ ر دسمبر ۱۹۲۶ء تک تنخواہ دیجائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۳ ر دسمبر ۱۹۲۶ء

چونکہ زمانہ امتحان سالانہ مدرسہ مڈل کا قریب ہے اور رپورٹ معائنہ انسپکٹر مدارس سے واضح ہوا کہ طلبا مڈل اسکول بعض مضامین مین کمزور ہین اور نیز ہیڈ ماسٹر کے ذریعہ اکثر مدرسین کا کام حسب لخواہ نہین ہے نیز مدرسین نے ہیڈ ماسٹر کی ہدایات پر کافی طور پر عمل نہین کیا ہے۔ لہذا امتحان سالانہ تک بجز تعطیل جمعہ کل تعطیلات مدرسہ مڈل کی منسوخ کیجاتی ہین۔ مدرسین امتحان تک اُن خامیون کے رفع کرنے کے ذمہ دار ہین جو انسپکٹر صاحب نے اپنے معائنہ مین نوٹ کئے ہین۔ نیز جو ہیڈ ماسٹر کی نظر مین ہین۔ اور مدرسین ہیڈ ماسٹر کی ہدایات پر کافی طور پر عمل کرین۔ اس حکم کی جو مدرس تعمیل نکرے ہیڈ ماسٹر فوراً اسکی نسبت رپورٹ پیش کرین۔ اور ایسی خلاف ورزی کی صورت مین مدرسین سے سخت تدارک کیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری ہون۔ اور کل مدرسین مڈل کی اطلاع یابی کرا کے نتیجہ کی رپورٹ تفصیلی پیش کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دوم
واقع ۲۴ ر دسمبر ۱۹۲۶ء

صاحبزادہ سید قدرت علیخان صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری مقرر ہوئے ہین چونکہ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو مقدمات صیغہ مسکرات و آبکاری کے لئے اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم دیئے جاتے ہین۔ لہذا صاحب موصوف کو مقدمات آبکاری و مسکرات کے لئے صیغہ فوجداری مین اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم دیئے جاتے ہین۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور عرضداشت اطلاعی اجلاس ہمایون مین بھیجی جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت
۱۰ ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب آف چیس بولڈ دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ سے نصیر احمد خان معاون تحویلدار تکیہ خانہ بوضع تنخواہ از ۹ ر دسمبر ۱۹۲۶ء

حکم

رخصت یکماہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین - ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے - اس نادر موقع سے ضرور اٹھایئے - خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب دکھایئے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی - اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی - جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک .... ۱۲؎ ہر

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی - اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی - اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک صرف ..... ۱۲؎ ہر

العدل - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہی جسمین حق تعالے کی حکمت عدالت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہی - قیمت علاوہ محصول ڈاک ..... [illegible] ہر

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی - جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی - بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ... [illegible] ہر

جسقدر نسخے مطلوب ہون منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمایئے -

ذو الفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور ابتداے ۲۸ دسمبر لغایتہ ۳ جنوری ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶۰ ار			۷ ار		۷ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۷ ار			۷۰ ار		۷ ار	
نخود کنہ آمیز	۷۰ ار			۸۰ ار		۷۰ ار	
گتہ	۵ ار			۵۰ ار		۸ ار	
ماش	۶۰ ار			۶ ار		۶۰ ار	
مونگ	۵ ار			۰		۶ ار	
مکا	۹ ار			۹ ار		۱۰ ار	
جئی	۹۰ ار			۱۰ ار		۱۱ ار	
گوجی	۵ ار			[illegible]		۸ ار	
عدس	۶ ار			۰		۶ ار	
ارہر	۵۰ ار			۰		۶ ار	
برنج	۵۰ ار			۵۰ ار		۶ ار	
روغن زرد	۱۰ چھٹانک			۰ ار		۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ۱ ار			۱ ار		۱ ر ار	
روغن کنجد	۱ ار			۱ ار		۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار			۱۱ ار		۱۲ ار	
نمک لاہوری	۰			۰		۸ ار	
قند سیاہ	۵۰ ار			۶۰ ار		۷ ار	
باجرہ	۸ ار			۷۰ ار		۸ ار	